## مقدس جسٹن

رسولوں کے اعمال 20:28-38 مزمور 67

## مقدس یوحنا 17:11-19

### اِن کی خاطر مَیں اپنے آپ کو مقدس کرتا ہُوں۔ مقدس یوحنا 17 :19

خُداوند یسوعؔ مسیح کی دُعا کے یہ الفاظ ہمارے لئے روشنی ہیں۔ جب ہمیں اُن لوگوں کی نجات کی ضرورت کا سامنا کرنا پڑتا ہے جنہیں ہم پیار کرتے ہیں۔تو ہم اپنی غریبی اَور چھوٹے پن سے بھی واقف ہیں۔ پھر بھی ہمارے پاس بہت بڑے وسائل ہیں: ہم اپنے آپ کو مقدس کر سکتے ہیں۔ یعنی ہم اپنی زندگی خُدا کو پیش کر سکتے ہیں۔ اَور اُس کے فرزندوں کی سی زندگی گزار سکتے ہیں۔ اَور یسوعؔ کے فرمانبردار بن سکتے ہیں۔ جو اُس کا کلمہ ہے۔ آئیں ہم واقعی اپنی جان اپنے بہن بھائیوں کے لئے دے دیں۔

# مقدس مارسیلنیسؔ اَور مقدس پطرسؔ شہید کی عید

رسولوں کے اعمال 11-6:23;30:22 مزمور 15

## مقدس یوحنا 26-20:17

## تاکہ وہ سب ایک ہوں۔ مقدس یوحنا 21:17

اے پیارے خُداوند یسوعؔ، اِن پاک ایام کے دَوران تیری کلیسیا تیرے ساتھ متحد ہےَ۔ اَور بھروسے کے ساتھ کہتے ہیں کہ اے روح القدس آ، تو جو باپ اَور بیٹے کے درمیان محبت کا بہاؤ ہےَ۔ یہ یسوعؔ کے شاگردوں کے درمیان تعلقات کا نشان ہو۔ تب ہم باپ اَور بیٹے کی محبت کو جانیں گے۔ اَور اِسے پوری دُنیا میں پھیلا دیں گے۔ اَے روح القدس آ۔

## لوہانگا کا مقدس چارلس

رسولوں کے اعمال 25:13-21 مزمور 102

مقدس یوحنا 21: 15-19

## اَے شمعُونؔ بر یوؔنا۔ کیا تُو اِن سے زیادہ مجھے پیار کرتا ہے۔

## مقدس یوحنا 15 : 21

یہ ایک مشکل سوال ہے۔۔۔تاہم مقدس پطرسؔ نے صحیح جواب دیا۔ ’’ہاں اَے خُداوند تُو تو جانتا ہی ہے۔ہم بھی امن سے بھرپور یہی جواب دے سکتے ہیں۔اگر ہمیں یقین نہیں ہے تو ہم بھی مقدس پطرسؔ کی طرح کہہ سکتے ہیں ’’اَے خُداوند تُو تو جانتا ہی ہے کہ مَیں تجھے پیار کرتا ہُوں‘‘۔ پھر بھی ہم کامل بھروسے کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ’’اَے یسوعؔ تو میرے بارے میں سب کچھ جانتا ہے۔مَیں اپنی طرف سے صرف اتنا جانتا ہوں کہ تو مجھے پیار کرتا ہے۔ مجھے تیری محبت پر مکمل بھروسہ ہے۔مَیں خود کو تیری سپردگی میں دیتا ہوں۔ میں تیری روح سے درخواست کرتا ہوں کہ مَیں تیری محبت کی عظمت کے مطابق تیرا شکر ادا کرسکوں۔

## مقدس بونیفس

رسولوں کے اعمال 16:28-20,30-31 مزمور 10

مقدس یوحنا 20:21-25

## پولوسؔ ۔۔اُن سب سے ملتا رہا جو اُس کے پاس آتے تھے۔

رسولوں کے اعمال 30:28

جس گھر میں اُسے قید کیا گیا تھا۔ رسولوں کے اعمال کی آخری آیت میں لکھا ہے جتنے پولوسؔ رسول سے ملنے آتے تھے۔ وہ اُن کو خُداوند یسوعؔ مسیح سے متعلقہ باتوں کی تعلیم دیتا تھا۔ اگر باپ بھی میرے پاس لوگوں کو بھیجے گا تو میں بھی ایسے لوگوں سے ملنے کی کوشش کروں گا۔ تاکہ مَیں بھی مسکراہٹ، صبر، اَور تسلی کے کلام کے ساتھ اُن کے سامنے خُداوند یسوعؔ مسیح کو پیش کرسکوں۔ اِس طرح مَیں روح القدس کی نعمت پانے کے لئے تیار رہوں۔

رسولوں کے اعمال 2:1-11 مزمور 103

رومیوں 8:8-17 مقدس یوحنا 14: 15-16، 23-26

## روح القدس تمہیں سب باتیں سکھائے گا۔ مقدس یوحنا 26:14

خُداوند یسوعؔ مسیح نے ہمیں بہت سی باتیں سکھائی ہیں۔ لیکن ہمیں پتہ نہیں کہ کس طرح اُس کی تعلیم کے مطابق زندگی گزاریں یا ہم یہ نہیں سمجھتے کہ ہمیں کیوں کوشش کرنی چاہیئے۔ اپنے دشمنوں کو کیوں پیار کریں؟ دوسروں پر عیب لگانے سے کس طرح گریز کریں؟ اپنی صلیب کیوں اُٹھائیں۔ اَے روح القدس تو آئے گا تو پھر ہم سمجھ پائیں گے۔ تو باطنی اُستاد ہے۔ تو ہمارے ذہنوں کی روشنی ہے۔ تو ہمارے دلوں کی تقویت ہے۔

رسولوں کے اعمال 1:12-14 یا تکوین 3:9-15,20 مزمور 87

مقدس یوحنا 19:25-34

## وہ سب یسوعؔ کی ماں مریمؔ کے ساتھ دُعا میں مشغول رہے۔

## رسولوں کے اعمال 1:14

خُداوند یسوعؔ مسیح ابھی آسمان پر گئے تھے کہ رسول اُس کی فرمانبرداری میں مقدسہ مریمؔ کے ساتھ ایک دِل ہو کر دُعا میں مشغول رہے۔ ابھی روح القدس نازل ہونے اَور کلیسیا پیدا ہونے کو تھی۔

اَے مقدسہ ماں مریمؔ تیرا شکر ہو۔ تو جو اَب بھی خُداوند یسوعؔ مسیح سے کلیسیا کی ماں ہونے کا لقب پاتی ہو۔ ایک خالص اَور متشکر محبت کا کام۔ ایک ایسا کام جس کے لئے مَیں بھی خُداوند یسوعؔ مسیح کے بدن کا عضو ہوتے ہوئے ہر روز خوشی محسوس کر سکتا ہوں۔

1 ملوک 17:7-16 مزمور 4

## مقدس متی 5 :13-16

## تم دُنیا کا نور ہو۔ مقدس متی 5:14

اپنے شاگردوں کی اتنی تعریف کرنے سے پہلے خُداوند یسوعؔ مسیح نے اُن کی شناخت کی تصویر کھینچی کہ وہ دولت کے پیچھے بھاگنے والے نہیں، وہ دل کے حلیم ہیں۔ وہ کبھی مایوس نہیں ہوتے۔ وہ آسمانی باپ کی مرضی بجالانے کے لئے بے تاب رہتے ہیں۔ وہ پاک دل، رحم دل، امن کے لئے کام کرنے والے، اَور ایذارسانیوں میں بھی خوشی سے معمور ہوتے ہیں۔ اِن خوبیوں کے ساتھ ایک شخص واقعی دُنیا پر غالب آنے والی تاریکی، خود غرضی اَور ظلم میں محبت کی روشنی ہوتا ہے۔ ایک ایسی روشنی جو خُدا کا چہرہ دکھاتی ہے۔ خُدا جو محبت ہے اَور جو باپ ہے۔

1 ملوک 18:20-39 مزمور 61

مقدس متی 5 : 17 - 19

## خُداوندہی خُدا ہے۔1 ملوک 18:39

بنی اسرائیل اپنے ایمان کا اظہار کرتے ہیں۔خُداوند نے ابھی قربانی کو جلانے کے لئے آسمان سے آگ بھیج کر اپنے نبی الیاس کی دُعا کا جواب دیا تھا۔ اُس روز جھوٹے نبیوں کے جھوٹ اَوران کے معبُودوں کا پول کھل گیا۔آج ہم عہد عتیق میں بارہ پتھروں سے بنائے گئے اُس مذبح کے بارے میں پڑھتے ہیں۔جس پر تاریخ نے ثابت کردیا کہ ابراہیم،اسحاق اَوراسرائیل کا خُداوندہی خُدا ہے۔

# شام کا مقدس افرائیم

1 ملوک 18:41-46 | مزمور 64

## مقدس متی 5 :20-26

## جا پہلے اپنے بھائی سے میل کر۔ مقدس متی 5:24

اِن الفاظ کو سُن کر ہم سمجھتے ہیں کہ آسمانی باپ کی نظر میں اِیمان اَور دُعا میں فیصلہ کن مرحلہ کیا ہےَ۔ اُس کو رسومات اَور دعاؤں کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ ہر اُس چیز کو خوشی سے قبول کرتا ہےَ۔ بشرطیکہ یہ اُس کے لئے اَور اِس کے ساتھ ہی اُس کے بچوں کے لئے محبت کا اظہار ہو۔ اگر برادرانہ ''افقی'' محبت غائب ہےَ۔ تو اُسے بھی پیار نہیں کیا جا سکتا۔

1 ملوک 16-11,9:19 | مزمور 26

مقدس متی 5 :27-32

## باہر نکل اَور خُداوند کے آگے پہاڑ پر کھڑا ہو۔ 1 ملوک 11:19

الیاسؔ نبی ایذارسانیوں کے ڈر سے بھاگا اَور اُس نے اپنی جان بچانے کے لئے پہاڑ پر ایک غار تلاش کی۔ خُداوند یسوعؔ مسیح کی محبت سے وفاداری کے نتیجہ میں ہم بھی ظلم وستم کے لمحات میں زندگی گزار رہے ہیں۔ بعض اوقات اِس کی وجہ ہماری خودغرضی ہوسکتی ہے۔ لیکن خُداوند ہمیں غار سے باہر نکلنے کے لئے بلاتا اَور اپنی موجودگی سے ہمیں تسلی دیتا، تقویت دیتا اَور ہمیں محبت کا ایک نیا کام کرنے کے لئے بلاتا ہے۔

# مقدس برنباس رسول

رسولوں کے اعمال 11:21-26;13:1-3 مزمور 97

مقدس متی 10:7-13

## مفت تم نے پایا۔مفت ہی تم دینا۔مقدس متی 8:10

اِس سے پہلے کہ وہ منادی کریں کہ آسمان کی بادشاہی نزدیک آگئی ہےَ۔خُداوند یسوعؔ مسیح نے اپنی مرضی سے بارہ کو بدروحیں نکالنے اَور ہر قسم کی بیماریوں سے شفا دینے کا اختیار بخشا۔ ہمارے زمانے میں بھی وہ سب جنہوں نے یسوعؔ مسیح کے آنے کا تجربہ کیا ہےَ۔ اَور تبدیلی، خوشی، اُمید اَور بھرپوری کا مزہ چکھا ہےَ۔ وہ اس عظیم نعمت کو اپنے تک محدود نہیں رکھ سکتے۔ برنباسؔ جو حکمت سے معمور تھا۔وہ مقدس پولوسؔ کے ساتھ بشارتی سفر پر ہولیا۔

# پاک تثلیث کی عید

امثال 8:22-31
مزمور 8

رومیوں 5:1-5
مقدس یوحنا 16 :12-15

## وہ میری بزرگی کرے گا۔ مقدس یوحنا 14:16

اَے شیریں روح القدس، تیرا شکر ہو کہ تو نے خُداوند یسوعؔ مسیح کے کلام کی یاد دلا کر اَور اِس کے مطابق زندگی گزارنے میں ہماری مدد کر کے اُس کی بزرگی کی ہےَ۔ اَور یوں ہم اپنے آسمانی باپ کی بزرگی کر سکتے ہیں۔ آج ہم خوشی سے گاتے ہیں۔ باپ اَور بیٹے اَور روح القدس کو جلال حاصل ہو۔ پاک تثلیث ہمارے لئے اپنی عظیم محبت میں متحد ہےَ۔

# پادواء کا مقدس انتھونی

اشعیا 61:1-3 مزمور 88

فلپیوں 4:4-9 مقدس متی 5:38-42

## اگر کوئی تجھ سے تیرا کُرتا لینا چاہے تو اُسے چوغہ بھی دے دے۔

## مقدس متی 5:40

یہ واضح ہے کہ یہ شخص اوپر سے میرے ساتھ سلوک کر رہا ہے۔ مگر وہ مجھے نکالنے کی کوشش کر رہا ہے۔۔۔لیکن وہ میرے آسمانی باپ کا فرزند ہے۔ ہم ایک ہی خاندان سے ہیں۔ خُدا جانتا ہے کہ اُس نے اتنا پست اَور گنہگار پیدا کیا۔ اُسے محبت کی ضرورت ہے۔ خُداوند یسوؔع مسیح مجھ سے کہتا ہے کہ میں اُسے نہ پرکھوں۔ بلکہ جو میرے دِل میں محبت ہے۔ اُس میں سے تھوڑی محبت اُس کے لئے بھی انڈیل دوں۔ وہ خُدا کے فرزند کے طور پر نئے سرے سے زندگی شروع کرے گا۔

1 ملوک 21:17-29 | مزمور 50

## مقدس متی 5:43-48

## کامل ہو جیسا تمہارا آسمانی باپ کامل ہے۔ مقدس متی 5:48

دو دِن پہلے ہم نے پاک تثلیث میں اپنے ایک خُدا پر گیان و دھیان کیا۔ خُدا جو محبت ہے۔ ہم ہمیشہ سچے خدا کی تصویر کو دل و دماغ میں زندہ رکھیں گے۔ اِس کا اثر یہ ہوگا کہ ہماری کامل زندگی بنانے میں ہماری مدد کرے گا۔ اَور ہم اُسکی محبت یعنی ایک کامل محبت میں ڈھل جائیں گے۔ الٰہی محبت جو ہمارے شکر گزاری کے فقدان سے متاثر نہیں ہوگی۔

2 ملوک 2:1,6-14 مزمور 30

مقدس متی 6:1-6,16-18

## تیرا باپ جو پوشیدگی میں دیکھتا ہے تجھے بدلہ دے گا۔ مقدس متی 6:18

ہم اِس بات سے ناواقف ہیں کہ ہم دوسروں کی سوچ پر کتنا انحصار کرتے ہیں۔ یہ حقیقت ہماری باطنی آزادی میں رکاوٹ ہے۔ اے یسوؔع تیرا شکر ہو۔ تو نے ہمیں بتایا کہ ہم اِیمان سے جانتے ہیں کہ باپ ہم میں رہتا ہے۔ اَور ہماری زندگی ہر لمحہ اُس کے ساتھ ایک زندہ رشتہ بن سکتی ہے۔ میں تیرے فضل سے اپنی باطنی زندگی میں بڑھنے کی کوشش کروں گا۔ یقیناً اِس کے ساتھ میری آزادی اَور خوشی بھی بڑھے گی۔

**یشوع بن سیراخ 14-1:48** **مزمور 96**

## مقدس متی 15-7:6

## اے ہمارے باپ تو جو آسمان پر ہےَ۔ مقدس متی 9:6

اے ہمارے باپ تو جو آسمان پر ہےَ ۔ ہم جہاں کہیں بھی جائیں ۔ تیری شفقت بھری نظر ہم پر ہوتی ہےَ ۔ جو سب کچھ دیکھتی اَور جانتی ہےَ ۔ اَور ہمارے بھروسے کو تقویت دیتی ہے کہ ہم جن حالات میں بھی رہ رہے ہوں۔ اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اِس کا انجام کیا ہوگا۔ ایک بات یقینی ہے کہ تو ہمارے ساتھ ہےَ ۔ اَور تو اِس سے نکلنے کی راہ دکھائے گا۔ اَے باپ تیری محبت کے لئے تیرا شکر ہو۔ جس نے ساری زندگی مجھے، پوری انسانیت اَور تمام کائنات کو گلے لگائے رکھا ہےَ ۔ اَے باپ تیرا شکر ہو۔ اِس لئے کہ تو بہشت اَور میرے دِل میں موجود رہنا چاہتا ہےَ ۔

2 ملوک 20,18-9,4-1:11 مزمور 131

## مقدس متی 6 :19-23

## جہاں تیرا خزانہ ہے وہیں تیرا دِل بھی ہوگا۔مقدس متی 6:21

زمین پر چمکتے دمکتے بہت سے خزانے ہیں۔ جو ہمیں لُبھاتے ہیں۔اَور جو ہمیں باور کراتے ہیں جیسے یہ خود ہمیشہ کے لئے خوشی دیتے ہیں۔مثلاً خوبصورتی،کامیابی،دوستی،روپیہ پیسہ وغیرہ۔ یہ تمام یقینی نہیں ہیں۔ یہ غیر متوقع طور پر مدھم پڑ سکتے ہیں۔ یہ حقیقی خوشی نہیں دے سکتے۔صرف خُداوند یسوعؔ مسیح ہمیں کبھی فریب نہیں دیتا۔اَور نہ ہی وہ کبھی ہمیں چھوڑتا ہے۔آئیں ہم اپنے دِل صرف اُس کے ساتھ لگائیں۔

2 احبار 24 :17-25 مزمور 88

## مقدس متی 6:24-34

## کوئی آدمی دو مالکوں کی غلامی نہیں کرسکتا۔مقدس متی 6:24

کوئی آدمی دو مالکوں کی غلامی نہیں کرسکتا۔اگر اِن مالکوں میں سے ایک مالک خُدا ہو۔ حقیقت میں خُدا مالک ہےَ اور وہ باپ بھی ہےَ۔ لہذا، اُس کے ساتھ ہمارا رشتہ فرمانبردار بچوں کی طرح ہونا چاہیئے جواُس کی محبت کا جواب دیتے ہیں۔علاوہ ازیں،اگر اُس کے ساتھ ہمارا رشتہ قابلِ اعتماد نہیں ہےَ تو اِس کی جگہ خودغرضی، دولت اَور زمینی چیزیں لے لیتی ہیں اِس طرح ہم اپنے جذبات کے غلام بن جاتے ہیں۔اے باپ مَیں تیرے فرزند کے طور پر تیری خدمت کرنا چاہتا ہوں۔ کیونکہ تو بہت سے غیر متوقع طریقوں سے میری دیکھ بال کرتاہےَ۔

## یسوعؔ کے نہایت اقدس بدن اَور خون کی عید

تکوین 20-18:14

مزمور 109

1 قرنتیوں 26-23:11

مقدس لوقا 17-11:19

### تم ہی اُن کو کھانے کو دو۔ مقدس لوقا 13:9

رسولوں نے خُداوند یسوعؔ مسیح کے حُکم کی فرمانبرداری کی۔ اُن کے ہاتھوں میں جو پانچ روٹیاں تھیں۔ اِنھوں نے سب کو سیر ہونے میں خوشی بخشی۔ اَے پیارے یسوعؔ تو پہلے سے ہی اپنے رسولوں کے ہاتھوں نئ روٹی لاتے، اَور ہم میں داخل ہوتے دیکھ سکتا تھا۔ تاکہ ہم واقعی سیر ہوسکیں۔ یہ ایک ایسی نعمت ہے جو صرف تیری محبت ہی تخلیق کرسکتی تھی۔ ایک ایسی روٹی جو ہم سب کو تیرے ساتھ ایک بناتی ہے جس کی قیمت صلیب ہے۔ اَے پیارے یسوعؔ تیرا شکر ہو۔

2 ملوک 5:17-8,13-15,18 مزمور 59

## مقدس متی 7:1-5

## پہلے شہتیر کو اپنی آنکھ سے نکال۔ مقدس متی 7:5

اے پیارے یسوعؔ تو نے ٹھیک ہی کہا ہے۔ میری اپنی آنکھ حسد، بخل، غرور، غفلت جیسی بہت سی نجاستوں سے دھندلا گئی ہےَ۔ تُو میرے دِل کو اَور آنکھوں کو پاک کر دے۔ تا کہ میں باپ کی محبت کو پہچان سکوں جو مجھے ہر کسی سے لپیٹے ہوئے ہے۔ اَور میں اِس محبت کا وسیلہ بن جاؤں۔

## مقدالوشیئس گنزاگا

مزمور 47

2 ملوک 19:9-11،14-21،31-36

## مقدس متی 7:6،12-14

## پاک چیز کتوں کو مت دو۔ مقدس متی 7:6

خُداوند یسوعؔ مسیح نہیں چاہتے کہ ہم اتنے بھولے بھالے ہوں یا تیار ہی نہ ہوں۔ بلکہ وہ چاہتے ہیں کہ ہم راستباز طریقے سے عقلمند اَور ہوشیار ہوں۔ اگر کوئی مذاق اُڑانے کے لئے میرے ایمان کے بھیدوں کے بارے میں مجھ سے سوال کرے تو میری وضاحت کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ہمارا دُرست رویہ یہ ہونا چاہئیے کہ صابر اَور پیار کرنے والے رہیں۔ الفاظ اَور نصیحت سے زیادہ ہماری گواہی بند ذہنوں اَور خُداوند کی محبت کے مخالفین کی مدد کرسکتی ہے۔

نولا کا مقدس پولینس، جان فشر اور مقدس تھامس مور

2 ملوک 22:8-13;23:1-3 مزمور 118

## مقدس متی 7:15-20

## جھوٹے نبیوں سے خبردار رہو۔ مقدس متی 7:15

آج بھی جھوٹے نبیوں کی بہتات ہے۔ بدقسمتی سے وہ اکثر ہم سے دُور نہیں بلکہ پہلے سے موجود ہوتے ہیں۔ وہ ہم سے حیرت انگیز چیزوں کا وعدہ کرتے ہیں۔ جو ہمیں موت کی طرف لے جاتی ہیں۔ اَے پیارے یسوعؔ تیرا شُکر ہو۔ کیونکہ تو ہماری دیکھ بھال کرتا اَور ہمیں امتیاز کرنے کی روشنی عطا کرتا ہے۔ وہ کس قسم کا پھل پیدا کرتے ہیں؟ کیا وہ مجھے تجھ سے، صلیب سے اَور تیری کلیسیا سے پیوستہ رکھتے ہیں؟ یا وہ مجھے تجھ سے، صلیب سے اَور تیری کلیسیا سے دُور لے جاتے ہیں۔

# مقدس یوحنا اصطباغی کی ولادت

اشعیا 49:1-6　　مزمور 139

اعمال 13:22-26　　مقدس لوقا 1:57,66,80

## یہ بچہ کیسا ہونے والا ہے؟ مقدس لوقا 1:66

وہ بیابان میں تنہا اپنے خُدا کے ساتھ رہے گا۔ وہ قادرِ مطلق سے کلام پائے گا۔ اَور اپنی اُمت کو توبہ کی دعوت دے گا۔ وہ خُدا کے برّے کی نشاندہی کرے گا۔ اَور اُس کا گواہ اَور اُس کا شہید ہوگا۔ اُس کا فخر صرف اتنا ہوگا کہ وہ دُلہا یعنی یسوؔع کا دوست ہوگا۔

# یسوؔع کے اقدس دِل کی عید

حزقیال 16-11:34 مزمور 22

رومیوں 11-5:5 مقدس متی 7:21- 29

## وہ صاحبِ اختیار کی طرح اُنہیں تعلیم دیتا تھا۔ مقدس متی 29:7

خُداوند یسوؔع مسیح نے ہجوم کو تعلیم دیتے ہوئے اُنہیں اپنے الفاظ کو سنجیدگی سے لینے کی اہمیت پر زور دیا۔ کیونکہ یہ انہیں ابدی ہلاکت سے بچاتے ہیں۔ خُداوند یسوؔع مسیح ہی ایسے اختیار کے ساتھ بات کرسکتا تھا۔ وہ کلمہ ہے، باپ کا مکمل کلمہ، اَور وہ بیٹا جسے باپ نے اپنی بخشش سے صلیب کے ذریعے تمام انسانوں کو مخلصی دینے کے لئے بھیجا۔

اَے پیارے یسوؔع تیرا شکر ہو۔ کہ تو مجھ سے بڑے واضح انداز میں کلام کرتا ہے۔ تاکہ میں بیدار رہوں اَور بچ جاؤں۔

# مُبارک مقدسہ ماں کا پاک دِل

اشعیا 61:9-11　　　　مزمور، 1 سموئیل 2:1,4-8

## مقدس لوقا 2:41-45

## جا جیسا تیرا اِیمان ہے تیرے لئے ویسا ہی ہو۔ مقدس متی 8:13

رومی صوبیدار نے اپنے غلام کے لئے جو گھر میں فالج سے بیمار اَور نہایت تکلیف میں تھا۔ شفا دینے کی درخواست کی تھی۔ خُداوند یسوعؔ مسیحؔ نے صوبیدار کو جو جواب دیا۔ یہ جواب اِس بات پر روشنی ڈالتا ہے کہ جب میں بھی کئی بار خُداوند سے پوچھتا ہوں کہ تو میری دُعا کو کیوں نہیں سنتا؟ اب میں سمجھنے لگا ہوں کہ کیا یسوعؔ نے میری سُنی نہیں یا یہ کہ میں ہی ایمان نہ لایا۔ اَے پیارے یسوعؔ میرے کمزور اِیمان میں میری مدد کر۔

2 ملوک 21-19,16:19 مزمور 15

غلاطیوں 18-13،1:5 مقدس لوقا 62-51:9

## تب وہ دوسرے قصبے کو چلے گئے۔ مقدس لوقا 56:9

اَے پیارے یسوعؔ جب تو یروشلیم جاتے ہوئے سامریوں کے گاؤں میں داخل ہوا۔ تو سامریوں نے تجھے قبول نہ کیا۔ یہ گاؤں خُدا کی عبادت سے ناواقف تھا۔ یروشلیم میں تو خود کو باپ کی نذر کرنے کو تھا۔ یہ حقیقی روحانی عبادت تھی جو باپ کو قابلِ قبول ہے۔ میں سامریوں کے گاؤں کے برعکس ایک دوسرا انسان بننا چاہتا ہوں۔ جو تیرے ساتھ پیوستہ ہو کر باپ کی سچی پرستش کرے۔ اے پیارے یسوعؔ میری مدد کر، اے مقدس وجیلیو تو بھی میری طرف اپنا ہاتھ بڑھا۔

## سکندریہ کے مقدس سرل بشپ اَور معلمِ کلیسیا کی عید

عاموس 16-13,10-6;2 مزمور 49

## مقدس متی 22-18:8

## ابنِ انسان کے لئے جگہ نہیں جہاں اپنا سر بھی رکھے۔ مقدس متی 20:8

خُداوند یسوعؑ مسیح کی قیمت نہ تو ہجوم اَور نہ ہی شاگرد چاہتے ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اُس کا راستہ صلیبی موت سے گزر کر اپنے نصب العین تک پہنچے گا۔ اُس کی خواہش ہے کہ اُس کے ساتھ اُس کے سچے شاگرد ہوں جو اُس کے ساتھ اِس راستے پر اُس کی پیروی کریں۔ اَور کسی اَور چیز کو نہیں بلکہ صرف اُس کی تلاش کریں۔

## مقدس اریٹنئسؔ بشپ اَور شہید کی عید

عاموس 3:1-8,4:11-12 مزمور 5

## مقدس متی 8:23-27

## اے خُداوند بچا۔ہم ہلاک ہوتے ہیں۔مقدس متی 8:25

کشتی لہروں میں چُھپ گئی۔مگر وہ سوتا تھا۔آئیں ہم پہلے شاگردوں سے سیکھیں اَور چھوٹی موٹی مشکلات میں اے یسوعؔ ہم تجھے پکاریں۔اَور ایسی دُعا کریں جو تیرے نزدیک قابلِ قبول ہو۔ہم سچے ایمان، پورے دل کے ساتھ بھروسہ رکھتے ہوئے اَور ثابت قدمی سے دُعا کرنے کی کوشش کریں گے۔

# مقدس پطرسؔ اَور پولوسؔ رسول کی عید

رسولوں کے اعمال 12:1-11 مزمور 33

2 تیموُس 4:6-8,17-18 مقدس متی 16:13-19

## تم مجھے کیا کہتے ہو؟ مقدس متی 16:15

اے مقدس پطرسؔ خُداوند یسوعؔ مسیح تیرا جواب سُن کر خوش ہوئے۔ اُس نے تجھ میں روح القدس کی موجودگی کو جان لیا۔ درحقیقت تُو اَور مقدس پولوسؔ رسول بالکل ایک جیسے ہیں۔ جن کی ہم آج عید مناتے ہیں۔ ہم روح القدس کی بدولت ہی محبت کی فراوانی اَور گواہی کے لئے اکٹھے ہوئے ہیں۔ آج آپ بہشت میں ہیلیلو یاہ گا سکتے ہیں۔ آپ زمین پر اپنے زائرین غریب بہن بھائیوں کو بھی یاد رکھیں۔

عاموس 7:10-17 مزمور 18

مقدس متی 9:1-8

## تیرے گناہ معاف ہوئے۔ مقدس متی 9:5

اے پیارے یسوعؑ، تیرا کلام کتنا خوبصورت، کتنا عظیم، کتنا تسلی بخش اَور زندگی بخش کلام رہا ہے۔تو اِسے میرے لئے بھی دہرانے کے لئے تیار ہے۔ ہر بار میں معافی کا ساکرامنٹ لینے کے لئے تیرے پاس آتا ہوں تو میں اپنے دِل میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں۔ یہ معافی کا ایک یقینی اَور ٹھوس طریقہ ہے۔اے پیارے یسوعؑ تیرا شکر ہو۔